نیکیوں کا ذکر ہے، جن کے حج وعمرہ کے برابر ہونے کا احادیث میں ذکر آیا ہے۔

فاضل مولف کا انداز سہل اور عام فہم ہے کہ عام پڑھا لکھا بھی مستفید ہوسکتا ہے۔ ہر بات باحوالہ بیان کی گئی ہے۔کتاب کے آخر میں ''کتابیات'' کے عنوان کے تحت ان مراجع کا ذکر ہے جن سے مؤلف نے استفادہ کیا ہے، دونوں جلدوں کے مراجع کی مجموعی تعداد تقریباً ڈیڑھ سو ہے، جس سے مصنف کی محنت اور علمی کاوش کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔

بقول حضرت مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب مدظلہ ''یہ اُردو زبان میں حج کے موضوع پر لکھی جانے والی سب سے جامع اور اہم تالیف ہے، جو حج سے متعلق تمام ضروری پہلوؤں کا احاطہ کرتی ہے''۔

یہ کتاب مضبوط جلد، متوسط کاغذ اور عمدہ طباعت اور ٹائٹل کے ساتھ چھپی ہے، کمپوزنگ اور سیٹنگ بھی معیاری ہے۔

اسلامی بینکاری ، ایک تعارف، مؤلف: ڈاکٹر محمود احمد غازیؒ، تدوین: سید عزیز الرحمٰن، صفحات: 111، قیمت: 80 روپے، ناشر: زوار اکیڈمی پبلی کیشنز، ناظم آباد، کراچی

ڈاکٹر محمود احمد غازی صاحب کی شخصیت تعارف کی محتاج نہیں، آپ فقہ اسلامی، قانون اور معاشیات پر ماہرِ فن کا درجہ رکھتے تھے، پاکستان میں اسلامی بینکاری کے حوالے سے ہونے والی کوششوں میں آپ کا نام نمایاں ہے اور اس حوالے سے ہونے والی کوششوں کے چشم دید گواہ بھی ہیں۔

زیرِ نظر کتاب ''اسلامی بینکاری، ایک تعارف'' ڈاکٹر محمود غازی صاحب کے محاضرات (لیکچرز) کا مجموعہ ہیں، جو انہوں نے دینی مدارس کے منتخب فضلاء کے سامنے بیان کیے تھے، ان تمام محاضرات کو مولانا سید عزیز الرحمٰن نے مرتب کیا ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب میں اسلامی بینکاری کے تینوں ممکنہ فریقوں ''(۱) سرمایہ دار، صنعت کار اور تاجر (۲) بینک (۳) حکومت'' کے کردار پر روشنی ڈالی ہے اور ان کے رویوں پر بے لاگ تبصرہ کیا ہے۔

کتاب چار بڑے عنوانات پر مشتمل ہے، جو یہ ہیں: (۱)...... اسلامی بینکاری کیا ہے؟ (۲)...... جدید نظام بینکاری کے فرائض (۳)...... اسلامی معیشت کے قیام کے لیے اقدامات (۴)...... پاکستان میں اسلامی بینکاری۔

فاضل مؤلف کا انداز بیان سادہ اور عام فہم اور دل سوزی سے بھرپور ہے۔ ایک عام شخص بھی اس کتاب کے مطالعہ کے بعد اسلامی بینکاری کے بارے میں اچھا خاصہ جان سکتا ہے۔

ہماری رائے میں یہ کتاب ہر عالم، مفتی اور تخصص فی الفقہ کے طلبہ کے مطالعہ میں ہونی چاہیے۔

کتاب کی طباعت واشاعت معیاری ہے، کارڈ ٹائٹل کے ساتھ چھاپی گئی ہے۔

☆......☆......☆